THE EDUCATION STATE

SCHOOLS

# اسکول کی پرائیویسی پالیسی

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات – والدین کے لئے

اسکول کی پرائیویسی پالیسی اسکول کی کمیونٹی کو مطلع کرتی ہے کہ اسکول کو اپنے طلباء کو مدد اور تعلیم فراہم کرنے کے بنیادی افعال میں مدد دینے کی غرض سے طلباء کے بارے میں معلومات کو افشاء کیا جاسکتا ہے۔

اسکول کی پرائیویسی پالیسی 'جاننے کی ضرورت' کا ایک واضح فریم ورک قائم کرتی ہے، جس کے تحت اسکول کا عملہ طلباء کے بارے میں معلومات کو اسکول کے دوسرے عملے پر ایسی صورت میں آشکار کرتا ہے جب انہیں اپنا کردار ادا کرنے کے لئے ان معلومات کو جاننے کی ضرورت ہو۔ ایسا کرنا وکٹوریہ کے پرائیویسی قانون کے عین مطابق ہے۔

### پالیسی کا اطلاق کس پر ہوتا ہے؟

پالیسی کا اطلاق تمام سنٹرل، ریجنل اور اسکول کے عملے پر ہوتا ہے بشمول پرنسپلز، اساتذہ، باہر سے آ کر پڑھانے والے (وزیٹنگ) اساتذہ، سوشل ورکرز، فلاح و بہبود کا عملہ، یوتھ ورکرز، نرسیں، اسٹوڈنٹ اسپورٹ سروس آفیسرز (SSSOs) اور دیگر صحت کے تمام حلیف پیشہ وران۔ اس کا مطلب ہے کہ نیچے بیان کردہ 'جاننے کی ضرورت' کے فریم ورک کا اطلاق اسکول کے تمام عملے پر ہوتا ہے، چاہے وہ ملازمین ہوں، خدمات فراہم کرنے والے (کنٹریکٹرز) ہوں یا ڈیپارٹمنٹ کے ایجنٹ ہوں (قطع نظر اس کے کہ انہیں اجرت ملتی ہو یا نہ ملتی ہو)۔

### جاننے کی ضرورت

اسکول کا تمام عملہ ایک طالبعلم کی معلومات کو دیگر عملے پر اس صورت میں افشاء کرسکتا ہے، اور اسے کرنا چاہئے، جب دیگر عملے کو 'جاننے کی ضرورت' ہو تاکہ اسکول کو درج ذیل کے لائق بنایا جاسکے:

1. طالبعلم کو **تعلیم دینا** (بشمول انفرادی ضروریات کی منصوبہ بندی اور سیکھنے میں حائل رکاوٹوں کو حل کرنے کے)
2. طالبعلم کی سماجی اور جذباتی فلاح و بہبود اور صحت کے معاملے میں **مدد دینا**
3. مندرجہ ذیل سمیت، **قانونی** ذمہ داریاں پوری کرنا:

- طلباء، عملے اور ملاقاتیوں کو درپیش معقول طور پر قابل قیاس نقصان کا خطرہ کم کرنے کے لئے مناسب اقدامات اٹھانا (دیکھ بھال کی ذمہ داری)
- معذور طلباء کے لئے مناسب تبدیلیاں کرنا (غیر امتیازی رویے کا قانون)
- ایک محفوظ اور بے خطر جگہ فراہم کرنا (پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت کا قانون)

### اس بات کا فیصلہ کون کرتا ہے کہ کس کو 'جاننے کی ضرورت' ہے؟

پرنسپل کی ہدایات کے تابع عملے کا ہر رکن یہ فیصلہ کرتا ہے کہ طالبعلم کے بارے میں مخصوص، متعلقہ معلومات کا جاننا کس کے لئے ضروری ہے، ایسا 'جاننے کی ضرورت' کے فریم ورک کے تحت کیا جاتا ہے۔

متعلقہ معلومات کو ایسے دیگر عملے پر افشاء کرنا جسے 'جاننے کی ضرورت' ہے، معمول کی بات چیت اور گپ شپ سے بہت مختلف ہوتا ہے۔

طلباء سے متعلق بڑی تعداد میں اہم معلومات کے معاملے میں اسکول کے عملے پر بھروسہ کیا جاتا ہے۔ عملے کے لئے ضروری ہے کہ وہ ذاتی اور صحت کی ان تمام معلومات کے ساتھ حساس طریقے سے اور باعزت طور سے برتاؤ کرے، اور انہیں 'جاننے کی ضرورت' کی بنیاد کے علاوہ کسی طور پر افشاء نہ کرے۔

### طالبعلم کے وکٹوریہ حکومت کے اگلے اسکول کو کونسی معلومات اور ریکارڈز منتقل کئے جاسکتے ہیں؟

جب ایک طالب علم وکٹوریہ حکومت کے ایک دوسرے اسکول میں داخل ہوتا ہے تو موجودہ اسکول اس طالب علم کی ذاتی اور صحت کی معلومات اس نئے اسکول کو فراہم کرسکتا ہے۔

ایسا مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک یا تمام طریقوں سے ہوسکتا ہے:

- زبانی طور پر: پرنسپل سے پرنسپل (یا مجاز نمائندگان)۔
- کاغذ پر: نئے اسکول کو طالبعلم کے ریکارڈز (بشمول کسی قسم کی صحت کی رپورٹس) کی نقول فراہم کرکے

ایسا اس لئے ضروری ہے تاکہ اسکول اس بارے میں مناسب طور پر باخبر فیصلہ کرسکے کہ کون سی تبدیلیاں مناسب ہیں، اور پھر ان تبدیلیوں کو لاگو کرسکے۔

ایسا کرنے کی ضرورت اس لئے بھی ہوسکتی ہے کہ طالبعلم کی دیکھ بھال کی ذمہ داریاں پوری کی جاسکیں (مثال کے طور پر، ایک طالبعلم جسے طبی مسئلہ ہو اور اسے علاج کی ضرورت پڑ جائے)۔

اس کا مطلب ہے کہ متعلقہ معلومات کو ایسے عملے پر آشکار کیا جائے جو اس طالبعلم کے ساتھ کام کرتا ہے یا اسے سپروائز کرتا ہے تاکہ وہ مندرجہ ذیل کے قابل ہو سکے:

- طالبعلم کی معذوری کو سمجھ سکے اور یہ کہ یہ معذوری اس کے سیکھنے اور اس کی معاشی اور جذباتی فلاح وبہبود پر کس طرح سے اثرانداز ہوتی ہے
- اسکول میں مناسب تبدیلیوں کا اطلاق کرسکے، جن میں بچے کے علاج کرنے والوں کی تمام تجاویز کو سمجھنا بھی شامل ہے۔

والدین کے ساتھ بات چیت کرنے کے دوران اسکول کا عملہ متعلقہ پالیسیوں پر عمل پیرا ہوتا ہے، جیسے کہ فلاح وبہبود اور رویّوں کی پالیسیاں۔ متعلقہ پالیسیوں کے لئے اپنے اسکول کی ویب سائٹ پر جائیں۔

اسکول کی پایسیوں اور ذاتی معلومات کے استعمال کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرنے کے لئے اسکول کا عملہ دستیاب ہے یا DET پرائیویسی افسر سے privacy@edumail.vic.gov.au پر رابطہ کریں۔

- الیکٹرانک طور سے: بشمول CASES21 ٹرانسفر فنکشن کے ذریعے؛ اسٹوڈنٹ آن لائن کیس سسٹم (SOCS) اوریا بذریعہ ای میل۔

'جاننے کی ضرورت' کے فریم ورک کی بنیاد پر پرنسپل (یا مجاز نمائندے) اس بات کا فیصلہ کرتے ہیں کہ وکٹوریہ حکومت کے اگلے اسکول کو کونسی معلومات فراہم کی جائیں۔

*اگلے اسکول کو کونسی معلومات 'جاننے کی ضرورت' ہے تاکہ وہ طالبعلم کو مناسب طور پر تعلیم دے سکے اور اس کی مدد کرسکے، اور اسکول کے قانونی تقاضے پورے کرسکے؟*

## 'جاننے کی ضرورت'کا فریم ورک

## دیکھ بھال کی ذمہ داری

طلباء کی دیکھ بھال کے سلسلے میں اسکول کی ذمہ داری کا مطلب ہے کہ طالبعلم کے رویّے، معذوری، گھرانے کے حالات یا کسی اور متعلقہ حالات کی وجہ سے **کسی شخص** کو **معقول طور پر درپیش قابل قیاس نقصان** کے بارے میں پرنسپل یا لیڈرشپ ٹیم کے کسی اور رکن کا جاننا ضروری ہے۔

لہٰذا، مثال کے طور پر، اگر کسی کو معقول طور پر قابل قیاس نقصان کا اندیشہ ہو کیونکہ طالبعلم:

- پرتشدد رویہ ظاہر کرتا ہے
- غنڈہ گردی (bullying)، تشدد یا عمر کے لحاظ سے غیرمناسب جنسی رویّوں کا شکار ہے یا ان سب رویّوں کا ارتکاب کرتا ہے
- جذباتی، فلاح و بہبود یا خود کو نقصان پہنچانے کے مسائل کا شکار ہے

تو ایسی صورت میں عملے کے لئے ضروری ہے کہ وہ **پرنسپل** (یا اسکول کی لیڈرشپ ٹیم کے کسی اور رکن) **کو بتائے**۔

پرنسپل پھر متعلقہ معلومات کو عملے کے دیگر ایسے رکن پر آشکار کرے گا جسے یہ جاننے کی ضرورت ہے کیونکہ وہ طالبعلم کے ساتھ کام کرتا ہے یا اسے سپروائز کرتا ہے۔ عملے کے لئے ضروری ہے کہ وہ پرنسپل کو معقول طور پر متعلقہ معلومات فراہم کرے تاکہ عملہ مناسب طور پر دیکھ بھال کی اپنی ذمہ داری پوری کرسکے – تاکہ پرنسپل بھی دیکھ بھال کی اپنی ذمہ داری پوری کرسکے۔

یہ اہم ہے کہ جب معقول طور پر قابل قیاس نقصان کا خطرہ ہو تو عملے کو ان معلومات پر عمل کرنا چاہئے اور دیگر عملے پر معلومات افشاء کرنی چاہئیں جنہیں 'جاننے کی ضرورت' ہے، بیشک طالبعلم یا والدین نے معلومات افشاء نہ کرنے کی درخواست کر رکھی ہو۔

## غیرامتیازی سلوک کا قانون

معذور طالبعلموں کو **مناسب تبدیلیاں** فراہم کرنے کی اسکول کی ذمہ داری (قطع نظر اس کے کہ وہ معذور افراد کے پروگرام کے تحت اہل ہیں یا نہیں) کا مطلب ہے کہ طالبعلم کی معذوری اور ان کی ضروریات کے بارے میں متعلقہ معلومات کو ایسے تمام عملے پر افشاء کیا جانا ہوگا جو طالبعلم کے ساتھ کام کرتا ہے یا اسے سپروائز کرتا ہے۔